www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com


خواجہ عبدالمنان راز

# تعارف و تبصرۂ کتب

نام کتاب: ..........ہم ماتم کیوں نہیں کرتے؟ مؤلف: ..........مولانا قاضی مظہر حسین

ضخامت ..........۴۸ صفحات قیمت: ..........ایک روپیہ

ملنے کا پتہ ..........میر اقبال، دواخانہ عثمانیہ جامع مسجد برکت علی ذیلدار روڈ اچھرہ لاہور

"ہم ماتم کیوں نہیں کرتے" اڑتالیس صفحے کا کتابچہ ہے جو ایک پمفلٹ بعنوان "ہم ماتم کیوں کرتے ہیں" اور سائیکلوسٹائل کی ہوئی کھلی چٹھی بنام مظہر حسین مولوی چودھویں صدی کے جواب میں قاضی مظہر حسین صاحب امیر خدام اہل سنت والجماعت صوبہ پنجاب نے لکھا ہے۔ قاضی صاحب نے قرآنی آیات، احادیث رسول مقبولؐ اور ائمہ کرامؒ کے اقوال سے ثابت کیا ہے کہ شہادتِ حسینؓ کے سلسلہ میں مروجہ ماتم دینِ اسلام کی رو سے حرام ہے۔ اپنے موقف کی تائید میں قاضی صاحب نے ائمہ اہل بیت حضرت امام باقرؒ اور امام جعفر صادقؒ کے ارشادات بھی نقل کیے ہیں۔ یہ کتابچہ "ماتم" کے موضوع پر ٹھوس دلائل پیش کرتا ہے۔ اندازِ بیاں چونکہ جوابی ہے اس لیے بعض جگہ پر تلخ نوائی کا احساس ہوتا ہے۔ اگرچہ فریق ثانی نے جو تحریری رویہ اختیار کیا ہے (اور وہ کھلی چٹھی کے عنوان سے واضح ہے) یہ تلخ نوائی اس کا فطری ردعمل ہے لیکن افہام و تفہیم کا فریضہ اس امر کا متقاضی ہے کہ انسان ذاتی چوٹ بھلا کر دوسرے کے فکری و نظری کھوٹ کو دور کرنے میں مخلصانہ اور ہمدردانہ رویہ اختیار کرے۔ بہر حال موضوع کے لحاظ سے قاضی صاحب کی کاوش قابلِ تعریف ہے۔

---

نام کتاب: ڈھول کا پول مصنف: مبلغ اسلام محمد امین (سابق ڈھنگا پادری)

ضخامت: ۸۸ صفحات قیمت ۵۰/۱ روپے ناشر: عوامی اسلامک مشن سول لائن لاہور

"ڈھول کا پول انہی کی زبانی" کا موضوع یہ ہے کہ کیا موجودہ بائیبل الہامی کتاب ہے یا غیر الہامی؟ یہ کتابچہ مبلغ اسلام محمد امین کی تصنیف ہے جو کہ نو مسلم ہیں اور ڈھنگا پادری کے نام سے معروف تھے، اور ہیں۔ اپنا تعارف کراتے ہوئے وہ لکھتے ہیں کہ "آج تک مجھے کسی مسلمان بھائی نے اسلام کی دعوت نہیں دی بلکہ میری تحقیق چالیس سالہ نے یہ ثابت کیا کہ یہ مذہب افراط و تفریط کے مابین اعتدال کی تعلیم دینے والا ہے۔"


© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ